2025-07-13

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

--------------------------------------------------------------

1- انتخابی کمیشن نے بہار میں تقریباً سبھی رائے دہندگان کے ساتھ براہِ راست رابطہ قائم کیا ہے۔ 80 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے اپنے ذاتی معلومات کے فارم جمع کرا دیے ہیں۔

2- WHO نے روایتی ادویات خصوصاً آیوش نظام کے ساتھ مصنوعی ذہانت AIکو مربوط کرنے میں بھارت کی غیر معمولی کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔

3- بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے، اگلے دو دن کے دوران مدھیہ پردیش اور راجستھان میں شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

4- نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے، Tenzing Norgay قومی مہم جوئی ایوارڈ 2024 کے لیے نامزدگیوں کا عمل شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- Iga Swiatek نے اپنا پہلا ومبلڈن خطاب جیتنے کے لیے Amanda Anisimova کو 6-0, 6-0 سے ہرا دیا۔

6- اور کرکٹ میں، لارڈس میں اینڈرسن تیندولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے آج چوتھے دن میزبان انگلینڈ بھارت کے خلاف اپنی دوسری پاری میں بنا کسی نقصان کے دو رن سے آگے کھیلے گا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

EC Bihar

چناؤ کمیشن نے بہار میں تقریباً سبھی رائے دہندگان کے ساتھ براہِ راست رابطہ قائم کیا ہے اور ریاست میں 80 اعشاریہ ایک-ایک فیصد رائے دہندگان نے اپنے ذاتی معلومات کے فارم جمع کرا دیے ہیں۔ کمیشن نے کہا ہے کہ وہ 25 جولائی کے مقررہ وقت سے پہلے ذاتی معلومات کے فارم کو جمع کرنے کے کام کو مکمل کرنے کی جانب گامزن ہے۔ چناؤ کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ انتخابی فہرستوں کے مسودوں میں اُن کے نام شامل کرنے کے لیے، جو پہلی اگست کو شائع کیے جائیں گے، رائے دہنگان کو اہلیت کے دستاویزات کے ساتھ اپنے ذاتی معلومات کے فارم جمع کرانے ہیں۔ اگر کسی رائے دہندہ کو اہلیت کے

دستاویزات داخل کرانے کے لیے مزید وقت کی ضرورت ہوتی ہے، تو وہ 30 اگست تک الگ سے اپنے فارم داخل کرا سکتا ہے۔

بوتھ سطح کے افسروں نے کل شام 6 بجے تک ECI نیٹ پر 4 اعشاریہ چھ-چھ کروڑ ذاتی معلومات کے فارم پہلے ہی اَپلوڈ اور ڈیجیٹائز کر دیے ہیں۔×

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Dharmindra

بہار میں ”ووٹر لسٹ“ کے لیے نظر ثانی کی خصوصی مہم کامیابی سے چل رہی ہے۔ تقسیم کے بعد سے کُل رائے دہندگان کے 80 فیصد سے زیادہ نے اپنے ذاتی معلومات کے فارم جمع کردیے ہیں۔

ریاست میں 6 کروڑ 32 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان نے اپنے فارم جمع کر دیے ہیں۔

بہار کے چیف انتخابی افسر نے کہا کہ نظر ثانی کی خصوصی مہم کے حوالے سے دیہی علاقوں کے لوگوں میں نمایاں جوش و خروش ہے۔

میونسپل کارپوریشن اور دیگر شہری اداروں کے علاقوں میں اِس مہم میں تیزی لانے کی غرض سے بڑی تعداد میں Booth سطح کے افسران کو تعینات کیا گیا ہے۔

پٹنہ میونسپل کارپوریشن علاقے میں صفائی ستھرائی کارکنان کی ذاتی معلومات کے فارم جمع کرنے میں خدمات حاصل کی گئی ہے جس سے بوتھ سطح افسران کو کافی مدد مل رہی ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کی رپورٹ کے ساتھ میں حسین اختر

WHO AYUSH

عالمی ادارہ صحت (WHO) نے مصنوعی ذہانت(AI) کو روایتی ادویات خصوصاً آیوش نظام کے ساتھ مربوط کرنے سے متعلق بھارت کی اہم کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔ اپنے پہلے تکنیکی مختصر عنوان ”روایتی ادویات کو لاگو کرنے میں مصنوعی ذہانت کے اطلاق کی نقشہ سازی“ میں، Who نے آیوروید، سِدھا، یونانیSowa Rigpa اور ہومیوپیتھی میں AI کے استعمال سے متعلق بھارت کی ترقی کو نمایاں کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Amrit Bhushan

AI سے چلنے والے تشخیصی نظام، مشین لرننگ اور Deep Nueral Networks کے ساتھ نبض پڑھنے اور پراکرِتی تشخیص جیسے روایتی طریقوں کو یکجا کرتے ہوئے درستگی کو بہتر بنا رہے ہیں اور ذاتی حفاظتی نگہداشت کو فعال کر رہے ہیں۔ Ayurgenomics پہل، آیورویدک اصولوں اور جیونومکس کا امتزاج، بیماریوں کی وجوہات کی نشاندہی کرنے

اور صحت کے مطابق سفارشات کے لیے AI کا استعمال کرتا ہے۔ اِس کے علاوہ AI جڑی بوٹیوں کی شکلوں کی جینومک اور مولیکیولر بنیاد کو ڈی۔کوڈ کرنے میں مدد کر رہا ہے۔ روایتی حکمت کو جدید سائنس کے ساتھ ملا رہا ہے۔ ہندوستان کی ٹریڈیشنل نالج، ڈجیٹل لائبریری TKDL کو مقامی طبی ورثے کے تحفظ کے لیے ایک عالمی ماڈل کے ذریعے سراہا گیا۔ AI سے چلنے والے ٹولس، قدیم تحریروں کی فہرست سازی اور معنوی تجزیے میں سہولت فراہم کر رہے ہیں، جس سے علاج کے علم کو مزید قابل رسائی بنایا جا رہا ہے۔ WHO نے اِس معلومات میں بھارت کے منشیات کے ایکشن Pathway کی شناخت، روایتی نظاموں میں تقابلی مطالعات کا جائزہ لینے کے لیے کیمیائی سینسر کی ترقی، روایتی فارمولیشن کو جدید بنانے میں بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ WHO نے بھارت کی غیر معمولی کوششوں کی تعریف کی، جن میں آن لائن مشاورت کے لیے ڈجیٹل پلیٹ فارم، آیوش پریکٹیشنرس کے درمیان ڈجیٹل خواندگی کو فروغ دینا اور روایتی ادویات کے ساتھ مربوط کرنے کے لیے انٹر آپریبل سسٹم بنانا شامل ہے۔

امرت بھوشن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے...............

## AIIA Seminar

نئی دلّی کا آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف آیوروید AIIA، ایک تین روزہ قومی سیمینار Shalyacon 2025 کا انعقاد کر رہا ہے، جو آج سے شروع ہوگا۔ یہ سیمینار مقدس Sushruta Jayanti کے جشن کی تقریب کے موقع پر منعقد ہو رہا ہے، جو ہر سال 15 جولائی کو منایا جاتا ہے۔ Sushruta Jayanti عظیم اچاریہ Sushrut کی یاد میں منائی جاتی ہے، جن کا بابائے سرجری کے طور پر احترام کیا جاتا ہے۔ توقع ہے کہ اس میں ملک و بیرونِ ملک سے 500 سے زیادہ ممتاز اسکالرس، سرجنس، محققین اور ماہرینِ تعلیم شرکت کریں گے۔ اس تقریب میں نظریات کے تبادلے کا موقع ملے گا اور آیورویدک سرجیکل پریکٹس میں اُبھرتے ہوئے رجحانات کا پتہ لگانے میں مدد ملے گی۔×

## ED Fraud

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے Real State Firm Pearls Agrotech Corporation Ltd PACL اور اُس کے ڈائریکٹرس کے علاوہ پروموٹرس کے سلسلے میں 762 اعشاریہ چار سات کروڑ روپے مالیت کی غیر منقولہ املاک کو عبوری طور پر قرق کر دیا ہے۔ یہ املاک پنجاب، دلّی، ہریانہ، مہاراشٹر اور آسٹریلیا میں واقع ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے مطابق PACL اور اُس کے ڈائریکٹرس بڑے پیمانے پر دھوکہ دہی سے سرمایہ کاری کی اسکیمیں چلاتے تھے، جس کے ذریعے انہوں نے غیر مشتبہ سرمایہ کاروں سے تقریباً 48 ہزار کروڑ روپے جمع کرنے کے علاوہ اُن کا غبن کیا تھا۔×

Jaishankar Singapore China

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے 15 جولائی تک سنگاپور اور چین کے دورے پر رہیں گے۔

سنگاپور میں ڈاکٹر جے شنکر دونوں ملکوں کے درمیان لگاتار تبادلوں کے حصے کے طور پر اپنے ہم منصب اور سنگاپور کی قیادت کے ساتھ بھی میٹنگ کریں گے۔

اپنے دو ملکوں کے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت وزیر خارجہ چین کا دورہ کریں گے، جہاں وہ Tianjin میں ہونے والی SCO کے وزراء خارجہ کی کونسل کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وہ اس میٹنگ کے موقع پر باہمی ملاقاتیں بھی کریں گے۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے، مدھیہ پردیش، راجستھان، گجرات اور اتراکھنڈ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر۔کے جینامنی نے کہا ہے کہ اگلے تین سے چار روز کے دوران ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور راجستھان کے کچھ حصوں میں شدید بارش کے حالات بنے رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگلے دو دن کے دوران مغربی بنگال، سکم، بہار، جھارکھنڈ اور اُڈیشہ سمیت ملک کے مشرقی حصے میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔

IMD نے کہا ہے کہ آج کیرالہ اور ساحلی کرناٹک میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ ملک کے شمال مشرقی حصے میں بجلی کڑکنے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش ہونے کی توقع ہے۔×

HP Rain

ہماچل پردیش میں سرگرم مانسون کی وجہ سے شدید بارش ہو رہی ہے۔ جس سے ریاست کے بہت سے علاقے متاثر ہیں۔ محکمہ موسمیات نے 18 جولائی تک پوری ریاست میں خراب موسم کی پیشگوئی کی ہے۔ شملہ کے موسمیات کے سینٹر نے آج کے لیے منڈی، شملہ، سولن اور سِرمور اضلاع میں تیز بارش کے لیے Yellow الرٹ جاری کی ہے وہیں 14جولائی کے لیے اونا، منڈی، شملہ، سولن اور سِرمور میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ 15 جولائی کے لیے چمبا، کانگڑا، کُلو، منڈی، شملہ، سولن اور سِرمور میں شدید بارش کی

وارننگ ہے، جبکہ 16 جولائی کے لیے لاہول اسپتی اور کِننور کو چھوڑ کر تمام دس اضلاع میں Yellow الرٹ جاری کیا گیاہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Ritesh Kapoor

ہماچل میں مسلسل ہو رہی مانسونی بارش کے درمیان منڈی ضلعے کے مراری دیوی علاقے میں پچھلے 24 گھنٹے میں سب سے زیادہ 130 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ حمیر پور ضلعے کے Aghar میں 100 ملی میٹر جبکہ کُلو ضلعے کے کوٹھی میں 60 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ ریاست میں ہنگامی حالات سے نمٹنے والے مرکز کے مطابق 20 جون سے جنوب مرکزی مانسون کی آمد کے بعد سے اب تک ریاست میں بادل پھٹنے کے 22 واقعات، اچانک سیلاب کے 31 اور مٹی کے تودے گرنے کے 18معاملے پیش آئے ہیں۔

مانسون سے ہونے والی اِس تباہی کے نتیجے میں 95 اموات، 175 زخمی اور 33 افراد ابھی بھی لاپتہ ہیں۔ دو قومی شاہراہیں NH-003 اور NH-21 اور ڈھائی سو دیگر سڑکیں ٹریفک کی آمدروفت کے لیے بند پڑی ہیں۔

ساتھ ہی ریاست بھر میں بجلی کے 327 ٹرانس فارمر بند پڑے ہیں اور پینے کے پانے کی 787 اسکیمیں کام نہیں کر رہی ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے حالات کو معمول پر لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

شملہ سے رتیش کپورکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں................

Govt Tenzing Norgay Award

کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کی مرکزی وزارت نے پروقار Tenzing Norgay قومیAdventure ایوارڈ 2024 (TNNAA) کے لیے نامزدگی کا عمل شروع ہونے کا اعلان کیا ہے۔

یہ ایوارڈ مہم جوئی کے شعبے میں شاندار حصولیابیوں کا اعتراف کرتا ہے اور اس کا مقصد چیلنجنگ صورتحال میں نوجوانوں میں استقامت، خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت، مل کر کام کرنے اور تیزی سے عمل کرنے کی صلاحیت کو فروغ دینا ہے۔

Tenzing Norgay قومیAdventure ایوارڈ چار زمروں میں اعلیٰ معیار کی کامیابیوں کے اعزاز میں دیا جاتا ہے۔ یہ ایوارڈ برّی مہم جوئی، آبی مہم جوئی، فضائی مہم جوئی اور لائف ٹائمAchievement کے شعبوں میں سرگرمیوں کے لیے تفویض کیا جاتا ہے۔

اعزاز یافتہ ہر شخص کو کانسے کا ایک مجسمہ، سند، ریشمی Tie کے ساتھ بلیزر یا ساڑی اور 15 لاکھ روپے کا نقد انعام دیا جاتا ہے۔

سال 2024 کے ایوارڈس کے لیے نامزدگیاں یکُم جون سے 15 جولائی تک https://awards.gov.in پورٹل کے ذریعے آن لائن قبول کی جا رہی ہیں۔

اس حوالے سے تفصیلی رہنما خطوط اور اہلیت کی شرائط پورٹل اور وزارت کی ویب سائٹ https://yas.nic.in پر دستیاب ہیں-x

Rev. Sri Lanka Houses

سری لنکا کے وزیراعظم ڈاکٹر ہرینی امارا سوریا اور بھارتی ہائی کمشنر سنتوش جھا نے انورکھا پورا میں Elapathgama گاؤں میں نئے تعمیر شدہ 90 مکانات کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ اِن مکانات کی تعمیر بھارت کی جانب سے مدد یافتہ Sri Shobhita Nahimigama پروجیکٹ کے تحت کی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Ahmed Mueen Farooqui

France Caledonia

فرانس نے New Caledonia کے ساتھ ایک تاریخی معاہدے کا اعلان کیا ہے جس میں جنوبی بحرالکاہل کے سمندر پار علاقے کو ایک نئی ریاست قرار دیا جائے گا۔ 13 صفحات پر مشتمل یہ معاہدہ پیرس میں ہونے والے مذاکرات کے بعد کل طے پایا گیا، جس میں فرانسیسی جمہوریہ کے اندر، فرانسیسی آئین میں لکھی ہوئی ریاست New Caledonia کے قیام کی تجویز ہے اور فرانسیسی قومیت کے ساتھ ساتھ ایک Caledonian قومیت کی تشکیل کی تجویز ہے۔

فرانس نے 1850 کی دہائی میں بحرالکاہل کے جزیرے کو نوآبادیات بنایا اور یہ دوسری جنگِ عظیم کے بعد ایک سمندر پار علاقہ بن گیا، 1957 میں تمام Kanaks کو فرانسیسی شہریت دی گئی-x

US EU Tariff

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میکسیکو اور یوروپی یونین سے درآمدات پر 30 فیصد کا محصول نافذ کر دیا ہے، جس پر پہلی اگست سے عمل درآمد ہوگا۔ نئے محصولات کا اعلان سوشل میڈیا پر پوسٹ کیے گئے الگ الگ خطوط میں کیا گیا ہے۔ یوروپی یونین کے لیے اپنے خط میں صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی تجارتی خسارہ ایک قومی سلامتی خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کلیدی تجارتی اتحادیوں کے ساتھ کئی ہفتوں تک مذاکرات کے بعد اِن محصولات کا اعلان کیا ہے۔

یوروپی یونین کے لیڈروں نے، 27 رکنی بلاک کے سامان پر 30 فیصد محصول نافذ کرنے کے امریکی فیصلے کی نکتہ چینی کی ہے۔ کل رات ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے یوروپی یونین اور میکسیکو کے تمام سامان پر 30 فیصد تک محصولات نافذ کرنے کے فیصلے کا اعلان کیا، جس پر اگلے مہینے کی پہلی تاریخ عمل درآمد شروع ہوگا۔×

## WMO Dust

عالمی موسمیاتی تنظیم WMO نے کہا ہے کہ ریت اور دھول کے طوفان اب 150 سے زائد ممالک میں 33 کروڑ سے زیادہ لوگوں کو متاثر کر رہے ہیں اور صحت، معیشتوں اور ماحول کو بڑا نقصان پہنچا رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کے مذکورہ ادارے نے کہا ہے کہ سالانہ تقریباً 2 ارب ٹن دھول کا اخراج ہوتا ہے۔ اُس نے مزید کہا کہ اس دھول کا 80 فیصد سے زائد حصہ شمالی افریقہ اور مشرق وسطیٰ کے صحراؤں سے شروع ہوتا ہے، لیکن یہ پوری دنیا میں پھیل جاتا ہے۔

UN جنرل اسمبلی نے ریت اور دھول کے طوفان سے نمٹنے کے بین الاقوامی دن کے موقع پر ان طوفانوں سے نمٹنے کے لیے 2025 سے 2034 کی مدت ایک وقف دہائی کے طور پر اعلان کیا۔×

## Wimbledon Tennis

Wimbledon Tennis میں، Iga Swiatek نے آل انگلینڈ کلب میں ایک طرفہ فائنل میں Amanda Anisimova کو شکست دے کر خواتین کے سنگلز میں اپنا پہلا خطاب جیت لیا ہے۔ پولینڈ کی Swiatek نے اپنا گراں Slam ٹائٹل جیتنے کے لیے محض 57 منٹ میں Amanda Anisimova کو 6-0, 6-0 سے ہرایا۔ ومبلڈن میں یہ اُن کا پہلا خطاب ہے۔

اسی دوران Julian Cash اور Lloyd Glasspool نے اُس وقت ومبلڈن 2025 میں تاریخ رقم کی ہے، جب انہوں نے 1936 کے بعد مردوں کا ڈبلز کا خطاب جیتا۔ Julian Cash اور Lloyd Glasspool کی جوڑی نے آسٹریلیا کے رِنکی اور نیدرلینڈ کے David Pel کی جوڑی کو دو صفر سے شکست دی۔ ×

## Test Cricket

کرکٹ میں، لارڈس میں اینڈرسن تیندولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے آج چوتھے دن میزبان انگلینڈ، بھارت کے خلاف اپنی دوسری پاری میں بنا کسی نقصان کے 2 رن سے آگے کھیلے گا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ انگلینڈ نے کل تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بغیر کوئی وکٹ کھوئے 2 رن بنائے تھے۔ اُنہیں اب 2 رن کی سبقت حاصل ہے۔

اس سے پہلے بھارت پہلی اننگز میں، 387 رن پر آؤٹ ہو گئی تھی۔ انگلینڈ نے بھی پہلی اننگز میں 387 رن بنائے تھے، مگر بھارت نے کسی ٹیسٹ سیریز میں سب سے زیادہ چھکّے لگانے کا ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔

اُس نے اب تک 36 چھکّے لگائے ہیں اور 1974-75 میں بھارت کے خلاف ویسٹ انڈیز کی جانب سے 32 چھکّوں کا سابقہ ریکارڈ بھی توڑ دیا۔

اب 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک-ایک کی برابری پر ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......نکتا

شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیش تر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے روزگار میلے سے خطاب کرنے سے متعلق خبر کو بڑی خبر کے طور پر صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی اس حوالے سے سرخی ہے: ”51 ہزار نوجوانوں کے درمیان تقرری ناموں کی تقسیم۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کی یہ وسیع طاقت بھارت کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: ”روزگار میلے میں وزیراعظم کا نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر زور۔

شبھانشو شکلا نے زمین کے لگائے 230 چکر، خلا میں کیے کئی کامیاب تجربے، جلد ہوگی بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے واپسی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اہمیت کے ساتھ پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے چیف جسٹس بی آر گوئی کے حیدرآباد کی نلسار یونیورسٹی آف لاء کے سالانہ جلسہ تقسیم اسناد سے خطاب کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے اور سرخی لگائی ہے: ”چیف جسٹس نے کہا کہ قانونی مہارت کے لیے کوئی شارٹ کٹ نہیں ہے۔“

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ امریکی وزیر خارجہ کی چینی ہم منصب سے ملاقات۔ تعاون اور اختلافات پر گفتگو۔

_ ایران کی امریکہ سے مشروط مذاکرات کی پیش کش

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- انتخابی کمیشن نے بہار میں تقریباً سبھی رائے دہندگان کے ساتھ براہِ راست رابطہ قائم کیا ہے۔ 80 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے اپنے ذاتی معلومات کے فارم جمع کرا دیے ہیں۔

2- WHO نے روایتی ادویات خصوصاً آیوش نظام کے ساتھ مصنوعی ذہانت AIکو مربوط کرنے میں بھارت کی غیر معمولی کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔

3- بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے، اگلے دو دن کے دوران مدھیہ پردیش اور راجستھان میں شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

4- نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے، Tenzing Norgay قومی مہم جوئی ایوارڈ 2024 کے لیے نامزدگیوں کا عمل شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- Iga Swiatek نے اپنا پہلا ومبلڈن خطاب جیتنے کے لیے Amanda Anisimova کو 6-0, 6-0 سے ہرا دیا۔

6- اور کرکٹ میں، لارڈس میں اینڈرسن تینڈولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے آج چوتھے دن میزبان انگلینڈ بھارت کے خلاف اپنی دوسری پاری میں بنا کسی نقصان کے دو رن سے آگے کھیلے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------